الجزء الثانی

دروس علوم حدیث

(دروس مفرغات 2018)

DUROOS ULOOME HADEES

دکتور حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

COPYRIGHT جمیع الحقوق محفوظة
All Rights Reserved

دروس علوم حدیث

الجزء الثانی (دروس مفرغات 2018)

DUROOS ULOOME HADEES

SHAIKH Dr. ARSHAD BASHEER UMARI MADANI waffaqahullah
Hafiz and Aalim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean the ABM School, Hyderabad, TS,INDIA
+91 92906 21633 (WhatsApp only)
www.abmqurannotes.com| www.askislampedia.com| www.askmadanicom

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

بسم الله الرحمن الرحيم

عبد اللہ بن المبارک

الإسناد من الدین

عبد اللہ ابن المبارک رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:

کہ اسناد دین کا حصہ ہیں۔

فہرس

مقدمہ 1

(Lesson No.1)

صحیح لذاتہ 7
حسن لذاتہ 7
تمہیدی کلمات 7
صحیح کی تعریف 8
پانچ کلمات پر غور کیجیے 8
الشرح 9
مثال العلة الخفية القادحة ؟ 11
شاذ کا مطلب اور اسکی مثال؟ 13
شرح تعريف الحديث الصحيح 15
خلاصہ عربی عبارات کی شکل میں 16
تعريف 16
مثاله 16
حكمه 16

(Lesson No.2)

صحیح لغیرہ 18

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حسن لذاتہ 18
حسن کی تعریف کا خلاصہ یہ ہے کہ 19
خفیف الضبط : میموری پاور میں تھوڑی سی کمزوری آجاتی ہے،وہ کیسے؟ 19
صدوق او صدوق سیئ الحفظ،صدوق یھم میں ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے کیا فرق پیش کیا ہے؟ ... 21
صحیح اور حسن کا فرق 22
صحیح لغیرہ اور حسن میں کیا فرق ہے؟ 22

(Lesson No.3)

حسن لغیرہ کیا ہے؟ 25
الشرح 27
صدوق سیئ الحفظ کی قبولیت کے لئے محدثین کیا شرط لگاتے ہیں؟ 28

(Lesson No.4)

حسن لغیرہ 30
حسن لغیرہ کا درجہ کب ملتا ہے؟ 31
کیا حسن لغیرہ محدثین کے پاس مقبول نہیں؟ 31

(Lesson No.5)

مراتب الرواۃ 33

(Lesson No.6)

ضعیف(غیر منجبر) 36
حدیث ضعیف کب ہو جاتی ہے؟اور اسکا کیا حکم ہے؟ 37

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیثِ ضعیف پر عمل اور اس سے استدلال سے متعلق فتاوی جات اردو.........................38
ضعیف پر عمل سے متعلق علماء کے تین موقف اور اقوال عربی عبارت کے اقتباسات کی شکل میں ..40
القول الاول 40
فتوی ابن عثیمین رحمۃ اللہ علیہ 40
فتوی ابن باز رحمۃ اللہ علیہ 41
القول الثالث 41
فتوی شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ 42
فتوى الشيخ الالبانى الأخذ بالحديث الضعيف في فضائل الأعمال .الشيخ
محمد ناصر الالباني 44
وقال العلامة اللكنوي 46
وقال المُحدث أحمد شاكر.. 46
قال الحافظ ابن حجر العسقلاني... 47
والــراجح من أقوال أهل العلم.. 47
سبب ترجيح الشيخ مشهور حسن ال سلمان تلميذ الشيخ الالبانى.........48
توجيه قول الامام أحمد 48
المصدر 49
AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

المقدمة

بسم اللہ الرحمن الرحیم

إِنَّ الحَمْدَ للهِ، نَحْمَدُهُ، وَنَسْتَعِينُهُ، وَنَسْتَغْفِرُهُ، وَنَعُوذُ بِاللهِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا، وَسَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا، مَنْ يَهْدِهِ اللهُ فَلاَ مُضِلَّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلاَ هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ، وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِإِحْسَانٍ إِلَى يَوْمِ الدِّينِ، وَسَلَّمَ تَسْلِيماً كَثِيراً، أَمَّا بَعْدُ:

علومِ حدیث کے تحت "مصطلح الحدیث" ایک علمی و تحقیقی موضوع ہے جو احادیث کی صحت اور سند کی تحقیق سے متعلق ہے، یہ موضوع اس بات کی تحقیق کرتا ہے کہ کونسی حدیث صحیح ہے، کونسی ضعیف ہے، اور کونسی موضوع (یعنی من گھڑت) ہے، اس میں مختلف اصطلاحات، ضوابط، اور اصول شامل ہیں جن کی مدد سے احادیث کی جانچ پڑتال کی جاتی ہے ان اصولوں کی بنیاد پر صحیح اور معتبر احادیث کی پہچان کرنے میں مدد فراہم ہوتی ہے آپ حضرات اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ صحیح منہج پر چلنے کے لئے صحیح احادیث کا علم ہونا بے حد ضروری ہے، مختلف علماء نے مصطلح الحدیث پر کتابیں لکھی ہیں ان کی کتابیں حدیث کی صحت اور سند کے معیار کو جانچنے کے لئے مراجع ہیں، مصطلح الحدیث کی نشو و نما اسلام کی ابتدائی صدیوں میں ہوئی۔

صحیح اور ضعیف احادیث:

صحیح حدیث کی مثالیں صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی احادیث ہیں علمائے کرام نے ان احادیث کو تلقی بالقبول کا درجہ دیا ہے جیسا کہ امام نووی رحمہ اللہ کہتے ہیں:

((اِتَّفَقَ الْعُلَمَاءُ رَحِمَهُم اللهُ عَلَى أَنَّ أَصَحَّ الْكُتُبِ بَعْدَ الْقُرْآنِ الْعَزِيزِ الصَّحِيحَانِ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ وَتَلَقَّتْهُمَا الامة بِالْقَبُولِ))

علمائے کرام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ قرآنِ مجید کے بعد صحیح ترین کتابیں صحیح بخاری اور صحیح مسلم ہیں اور امت نے اس کو تلقی بالقبول کا درجہ دیا ہے۔

(المنہاج شرح صحیح مسلم بن الحجاج للنووی: 1 / 14، المقدمۃ، الناشر: داراحیاء التراث العربی، بیروت)

اسی طرح صحیحین کے بعد سنن اربعہ کا درجہ ہے ان کتابوں میں صحیح اوار ضعیف دونوں موجود ہیں اور ہر دور میں ان کے صحیح اور ضعیف پر تحقیق چلتی رہی ہے اور آج کے دور میں ان کتابوں پر تحقیقی کام تقریباً مکمل ہو چکا ہے البتہ علم کے متلاشی ہر دور میں اپنی اپنی تحقیقات پیش کرتے چلے آ رہے ہیں۔

صحیح اور ضعیف احادیث کے پہچان کی اہمیت:

دین کی تفہیم: صحیح احادیث کے ذریعے ہم اسلامی تعلیمات کو درست طریقے سے سمجھ سکتے ہیں، جبکہ ضعیف احادیث کی شناخت سے ہم غلط فہمیوں سے بچ سکتے ہیں۔ عام آدمی صحیح اور ضعیف کی پہچان کیسے کرے؟ اس موضوع پر میرا خطبہ یوتیوب پر ملاحظہ فرمائیے، علمنی اللہ وایاکم علما نافعا

حدیث کے موضوع پر ابھی تک آن لائن شائع ہونے والی میری کتب کا مختصر تعارف

(1) مصطلح الحدیث مرحلہ اولی تا مرحلہ ثالثہ ہے

علوم الحدیث جزء اول:

اس کتاب میں حدیث کے مصطلحات پر مختصر تعریفات پیش کی گئی

علوم الحدیث جزء ثانی:

اس کتاب میں أقسامِ مقبول ومردود أحادیث پر مفصل شرح ہے، جیسے صحیح لذاتہ، صحیح لغیرہ، حسن لذاتہ وحسن لغیرہ وضعیف غیر منجبر وموضوع

(2) علم اسماء الرجال (Course-4)

یہ میری کتاب ہے ، 2018ء سے اس موضوع پر کتاب لکھنے کی شروعات کی گئی جبکہ اس موضوع پر نوٹس کی شکل میں لکھنے کی شروعات 2005 میں ہوئی تھی، یہ کتاب 115 صفحات پر مشتمل ہے۔

(4) علم الرواۃ (Course-5, &6)

یہ کتاب 2023ء میں آن لائن شائع ہو چکی ہے اس میں خلفائے راشدین کے حالات بیان کئے گئے ہیں نیز

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

عشرہ مبشرہ اور ان کی تفصیلات بیان کی گئی اور 26 تابعین کے حالات کا تذکرہ ہے اور 40 تبع تابعین کے حالات کا تذکرہ ہے

(5) کتب حدیث اور محدثین: مفصل کتب الحدیث کا تذکرہ ہے (Course-7)

(6) شرح جامع العلوم الحکم

(7) احادیث مختارۃ للحفظ۔

(7) شرح الکلمات (حدیث کے کلمات کی تشریح)

اس کتاب میں حدیث کے کلمات کی نحوی اور صرفی بحث کی جائے گی یہ کتاب تقریباً 5000 سے زائد کلمات حدیث پر مشتمل ہوگی، ان شاء اللہ۔

(9) اسباقِ حدیث

A. حدیث انما الاعمال البنیات کے 100 اسباق شائع ہو چکی ہے الحمد للہ۔

B. حدیث جبریل علیہ السلام پر 360 اسباق پر مشتمل کتاب منظر عام پر آچکی ہے الحمد للہ۔

C. حدیث الدین النصیحہ زیر ترتیب۔ الحمد للہ

D. مزید 47 احادیث پر کام جاری ہے، ان شاء اللہ۔

(10) 41 منتخب اَحادیث سے منتخب کلمات کی تشریح 500 صفحات پر مشتمل کتاب آن لائن شائع ہوگئی الحمد للہ

کتاب ہٰذا:

خصوصیت کے ساتھ اس کتاب میں یعنی علوم الحدیث جزء ثانی میں اَقسامِ مقبول و مردود اَحادیث پر مفصل شرح ہے

، جیسے صحیح لذاتہ، صحیح لغیرہ، حسن لذاتہ وحسن لغیرہ وضعیف غیر منجبر وموضوع اور اس بارے میں علمائے کرام کے اقوال بھی نقل کئے گئے دراصل یہ کتاب (2018ء) کے آڈیو دروس کی شکل میں موجود ہے، طلبہ کے اصرار پر اس کو کتابچہ کی شکل دی گئی ہے ، اللہ سبحانہ وتعالی اس چھوٹی سے کوشش کو قبول فرمائے اور طلبہ کے لئے مشعلِ راہ بنائے ، آمین، والحمدللہ رب العالمین۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دکتور ارشد بشیر مدنی وفقہ اللہ

تاریخ:11/ستمبر/2024ء

مطابق:7/ربیع الاول/1446ھ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

نوٹ

یہ نوٹس کا تعلق، مفرغات کے قبیل سے ہے، اسلوبِ خطاب اور اسلوبِ نثر نگاری میں فرق ہوتا ہے، جگہ جگہ اسلوبِ خطاب کا غلبہ محسوس ہو گا، اس لئے قارئین سے پیشگی معذرت پیش کرتا ہوں، والعذرعند الکرام مقبول-ان شاءاللہ-وشکرا

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

LESSON No.1

صحیح لذاته

ما اتصل سنده بنقل عدل تام الضبط من غیر شاذ ولا معلل

حسن لذاته

ما اتصل سنده بنقل عدل خفیف الضبط من غیر شاذ ولا معلل

تمہیدی کلمات

علوم الحدیث سے متعلق اکثر لوگ پوچھتے ہیں کہ

1. مرتبہ اولی صحیح لذاتہ کیا ہے ؟
2. مرتبہ ثانیہ صحیح لغیرہ کیا ہے؟
3. مرتبہ ثالثہ حسن لذاتہ؟
4. مرتبہ رابعہ حسن لغیرہ کیا ہے؟

صحیح لذاتہ اور حسن لذاتہ میں فرق: حسن لذاتہ اور صحیح لذاتہ میں کیا فرق ہے؟ اور حسن لذاتہ اور صحیح لغیرہ میں کیا فرق ہے؟

پہلے صحیح اور حسن کیا ہے؟ جانتے ہیں پھر دونوں میں فرق جانتے ہیں ان شاء اللہ۔

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

صحیح کی تعریف

صحیح کی تعریف(definition)میں محدثین کہتے ہیں:

(1)ما اتصل سندہ (2)بنقل عدل

(3)تام الضبط

(4)من غیر شاذ (5)ولا معلل

پانچ کلمات پر غور کیجئے

(1)اتصال السندIttasalussanad-(2)عدالۃ /عدل adalah-(3)تام الضبطTammuzzabt

(4)غیر شاذGair Shaz-(5)غیر معلل Gair Muallal

الشرح

ماروا‌ه عدل تام الضبط ، (جسکوروایت کرے عدل راوی اور تام الضبط راوی) **عدل** یعنی اخلاق (دل کا بھی اچھاہو) اور **تام الضبط** یعنی مضبوط حافظہ والا (میموری کا بھی اچھاہو)، اور تام الضبط کی شرط کی وجہ سے خفیف الضبط والا راوی خارج ہوگیا صحیح لذاتہ کی تعریف سے، ایک ہوتا ہے خفیف الضبط تھوڑا سا کم میموری والا، تھوڑي سی ہلکی میموری، اور اس کے اخلاق تو اچھے ہوں جیسا کہ جھوٹ نہ بولے، بدعتی نہ رہے، کافر نہ رہے، فاسق نہ رہے اور اسی طریقہ سے مخالف خوارم المروءة[1] یعنی کہ انسانیت کے خلاف بھی ایسی حرکت نہ ہو کہ جس کی وجہ سے اعتبار کھو جائے، عام زندگی کے اندر بھی یہ جھوٹ بولنے والا متہم بالکذب نہ ہو جائے یا ایسے کوئی کام جس کی وجہ سے معاشرے میں انسانیت کے خلاف شمار کیا جائے، اگر وہ جانوروں کو تکلیف دیتا ہو مذاق میں یا فلاں کے ساتھ بدتمیزی سے بات کرتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ ممکن ہے کہ یہ آدمی حدیث میں بھی جھوٹ بول سکتا ہے اور یہ شک پیدا ہو سکتا ہے، لہذا انسانیت و مروؤت سے ٹکرانے والی باتوں اور حرکات سے وہ پرہیز کرے۔

الصحيحُ لِذَاتِه : بنقلِ عدلٍ تامّ الضبطِ، متصلَ السند، غيرَ مُعَلّل ولا شاذٍّ (نزهة النظر لابن حجر)

الصحيح: (محمود الطحان)

تعريفه:

الصحيحُ لِذَاتِه : بنقلِ عدلٍ تامّ الضبطِ، متصلَ السند، غيرَ مُعَلّل ولا شاذٍّ (نزهة النظر لابن حجر)

الصحيحُ لِذَاتِه : ما اتصل سنده بنقل العدل الضابط، عن مثله إلى منتهاه، من غير شذوذ، ولا علة. (تيسير مصطلح الحديث لمحمود الطحان)

---

[1] مروءت یا مروءت کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ایک بڑا محدث ہے اور ایک بچہ کو لیکر روڈ پر کھیل رہا ہے اور لوگوں کو تکلیف دے رہا ہے یعنی اس کے اندر انسانیت نہیں، لوگوں کو تکلیف پہنچا رہا ہے اور حالانکہ نماز تک بھی روڈ پر نہیں پڑھنا ہے، مومن تو وہ ہوتا ہے کہ جو تکلیف دہ چیز کو ہٹاتا ہے تو لہذا ایسے راوی کی حدیث کو مروت کی بنیاد پر رد کرتے ہیں۔

حدیث پر صحیح کا حکم لگانے کے لئے پانچ نکات کا خیال رکھنا چاہیے اس میں سے تین چیزیں ہونی چاہیے اور دو چیزیں نہیں ہونی چاہیے، تین چیزیں جو ہونی چاہیے

1) اس میں ایک یہ ہے کہ **سند متصل** ہونا چاہیے یعنی راویوں کی جو چین chain ہے ٹوٹی ہوئی نہیں ہونا چاہئے، بالکل متصل ہونا چاہئے۔

2) **العدل** :اس کا دل یعنی سچائی واخلاق والا ہو اور جھوٹ نہ بولے، اخلاقی اعتبار سے بلند درجہ پر ہو اور

3) **تام الضبط** : زیادہ ضبط یعنی میموری کے اعتبار سے قوی ہو، بعض کی میموری اچھی نہیں ہوتی ہے، ترس کھا کر حدیث نہیں لیں گے، کہ بڑا متقی ہے کیونکہ یہاں عمل کے اعتبار سے جنت اور جہنم کا فیصلہ نہیں ہو رہا ہے بلکہ حدیث محفوظ ہے یا نہیں؟ اس بات کا فیصلہ ہو رہا ہے لہذا تقوی کی بنیاد پر صحیح حدیث اور ضعیف حدیث کا فیصلہ نہیں ہوتا اور اسی طریقہ سے ایک آدمی کا حافظہ بہت زبردست ہے لیکن وہ داعی الی البدعۃ (بدعتی) یا کذاب ہے تو بھی مقبول نہیں۔

4) **شاذ** اور

5) **معلل** نہ ہو

سند میں یہ دو چیزیں نہ ہوں معلل نہ ہو اور شاذ نہ ہو، معلل نہ ہو اس کا مطلب ہوتا ہے کہ سندِ حدیث کے اندر کسی بھی قسم کی چھپی ہوئی **علة خَفِيَّة قادحة** چھپی ہوئی اور جرح کرنے والی اس کے اندر کوئی بیماری (کمزوری) نہ ہو، خلاصہ یہ ہے کہ مختلف سندیں جمع کرنے سے یہ پتہ چل جاتا ہے کہ کمزوری کہاں پر ہے۔[2]

---

[2] اب یہ کیسے معلوم ہوتا ہے؟ جواب: کئی سندیں اگر جمع کر لیں تو پتہ چل جاتا ہے، علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ باب اذالم تجمع طرقه لم يتبين خطئه جب تک پورے طرق اور سندیں جمع نہیں ہو جاتی اور جمع نہیں کرتے، اس کے اندر کی غلطی واضح نہیں ہوتی، ایک سند و متن کے اندر ایک بات بتائی جارہی ہے اور دوسری سند و متن کے اندر اس سے بالکل ٹکراتی ہوئی بات آجائے، کبھی تیسری سند و متن کے اندر مزید اس سے ٹکراتی ہوئی کوئی بات ہو، اور متن آپس میں ٹکرارہا ہو تو ایسی صورت میں پتہ لگانا ہے کہ غلطی کس راوی سے صادر ہو رہی ہے،
معلل کی بحث کے اندر محدثین، متن کا خیال کرتے ہیں اور متن دیکھتے ہی کہا کرتے تھے کہ یہ متن ٹکراؤ والا ہے؟، حدیث موقوف ہے یا مرفوع؟ سند الگ الگ کیوں ہو رہی ہے؟ تو اس کا مطلب یہ نکلا کہ اس میں کچھ چھپی ہوئی کمزوری ہے، پتہ لگانے سے پتہ چل جاتا ہے کہ ایک راوی ہے اس نے کچھ گڑبڑ کی ہے، محدثین کیسے پتہ لگاتے ہیں؟ جواب: کئی

مثال العلة الخفية القادحة ؟[3]

أن تقع العلة في الإسناد وتقدح فيه وفي المتن معاً، وذلك مثل إبدال راو ضعيف براو ثقة، ك حماد بن أسامة كان يروي عن شيخه عبد الرحمن بن يزيد بن تميم، وكان يعرف من اسمه عبد الرحمن بن يزيد فقط، فغلب على ظنه أن اسمه عبد الرحمن بن يزيد بن جابر فكان يقول من عند نفسه: حدثنا عبد الرحمن بن يزيد بن جابر، وهو في الحقيقة ابن تميم، فهنا يضعف الحديث رغم أن العلة لحقت بالإسناد؛ لأن عبد الرحمن بن يزيد بن جابر ضعيف وابن تميم ثقة، فهو أبدل الراوي الثقة براو ضعيف، فهذه العلة تقدح في السند والمتن معاً؛ لأن الراوي ضعيف.

شاذ: شاذ کا مطلب ہوتا ہے **مخالفة الثقة لمن هو اوثق منه** یعنی کہ ایک ثقہ راوی ہے اس نے روایت

سندوں کو جمع کر کے معلوم کرتے ہیں کئی سندوں کو جمع کرنے کو مصطلح الحدیث میں معرفة الاعتبار للمتابعات والشواہد متابعات اور شواہد کو جمع کرنے کا کام جو ہوتا ہے اس کو کہتے ہیں اعتبار، تدبر کرنے کی ایک شکل کو اعتبار کہا جاتا ہے، عبرۃ کہتے ہے غور کر کے نصیحت حاصل کرنا یہ ایک اصطلاح ہے، یعنی پوری سندوں کو جمع کرنا محدثین کا ایک عظیم مشغلہ ہے اس کو شغل فاکہ کہہ لیجئے بڑا مزیدار ایک فن ہے، بڑی مزیدار مشغولیت ہے اور امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں آتا ہے کہ انکی جو کتاب العلل ہے اس کے بارے میں ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ مجھے حکایت ملی ہے کہ ان کے شاگرد نے کہا کہ امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے علل یعنی کئی سندیں ایک متن کے لیے جمع کیں اور وہ لکھاتے تھے اپنے حافظے سے، ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کہہ رہے ہیں کہ اگر یہ بات صحیح ہو جائے کہ انہوں نے اپنے حافظے سے علل کی کئی سندیں ایک متن کے لیے لکھوادی ہے تو میں کہنا چاہوں گا احفظ اھل الدنیا پوری دنیا میں سب سے بڑا حافظ امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ ہے لیکن ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ انسان ہونے کے ناطے مجھے پلہ پڑھتا ہے کہ پوری کتاب نہیں ہو سکتی ہے کچھ کتاب انہوں نے لکھائی ہوگی پوری کتاب لکھانا ایک انسان کے بس کی بات نہیں ہے ایک غیر معمولی چیز ہے اگر ہے تو وہ احفظ اھل الدنیا ہے، تو دیکھا آپ نے، اتنا باریک علم پر علی بن مدینی اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ جیسے بڑے بڑے جہابزہ (ماہرین) کو اللہ نے پیدا فرمایا۔

[3] علة غير قادحہ کی مثال عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ صحیح مسلم کی حدیث جبریل ہے، صحیح بخاری میں حدیث مذکور نہیں بروایت عمر کیونکہ اس میں ارسال کا شبہ ہے اور ابن بریدۃ سے مراد عبد اللہ اور سلیمان کا بھی کا اشکال تھا لیکن سب اشکالات کے تشفی بخش جوابات موجود ہے اس لئے اسکو علت غیر قادحہ میں شمار کیا گیا

بیان کی لیکن اس سے بھی زیادہ پاورفل، اوثق ہے، اگر یہ ثقہ کی بات اوثق سے ٹکرا جائے تو ایسے وقت پر اوثق کی بات لے لیتے ہے اور ثقہ کی بات کو چھوڑ دیتے ہے یہ جو مخالفت ہوئی اور اس بنا پر جو چھوڑ دیا گیا اور مقبول نہ ہوئی اس کو کہتے ہے شاذ۔

خلاصہ یہ نکلا کہ پانچ چیزوں میں سے تین چیزیں ہونی چاہئے یعنی کہ **سند متصل** ہو اور **راوی عادل** ہو (اخلاق کا اچھا ہو) اور اسی طرح سے ضبط کے اعتبار سے تام الضبط ہو کمپلیٹ میموری ہونی چاہئے اور دو چیزیں نہیں ہونی چاہیے **معلل** نہ ہو اور **شاذ نہ** ہو۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

شاذ کا مطلب اور اسکی مثال؟ [4]

[4] نوٹ: بعض لوگ جو محدثین پر طعنہ دیتے ہے کہ یہ لوگ صرف روایت واسانید کو دیکھتے ہیں اور درایت نہیں، تو ایسی بات نہیں ہے بلکہ متن کو بھی تو دیکھ رہے ہیں، متن مضطرب ہے یا نہیں؟ اور اسی طریقے سے مقلوب، متن آگے پیچھے ہوا ہے یا نہیں؟ اس کا مطلب ہے کہ محدثین متن پر غور کرتے ہیں، محدثین کے بارے میں زیادہ نہیں پڑھ کر اعتراض کرنا ایسا ہی ہے جیسا کہ سینگ والا بکرا جاکر ایک پہاڑ کو اپنے سینگوں سے مارتا ہے تو سینگ ٹوٹیں گے یا پہاڑ ٹوٹے گا؟ جواب یہ ہے کہ سینگ ٹوٹیں گے اور اس طریقے سے وہ لوگ جو محدثین کی محنت اور مناہج کو نہیں پڑھ کر محدثین پر اعتراضات کرتے ہیں تو ہمیں ڈر ہے کہ اعتراض کرنے والے کے سینگ ٹوٹ جائیں گے لہذا اپنے سینگوں کو بچانے کی کوشش اور حفاظت کیجیۓ جن کے قلعہ شیشے کے ہوتے ہیں وہ پتھر والے قلعوں پر حملہ نہیں کرتے، تو ایسے بھولا پن کا ثبوت نہ دیں تو بہتر ہے ورنہ محدثین کو چاہنے والے ہم جیسے طالب علم زندہ ہیں اور ایسے لوگوں کا ہر زمانے میں محبین محدثین پیچھا کریں گے ان شاء اللہ، سارے محدثین کے راستے پر چلنے والے طلباء کی اللہ حفاظت کرے اور اعتراض کرنے والوں کو بھی اللہ تعالی حفاظت کرے اور ہدایت دے میں نے مطالعہ کے دوران یہ پایا کہ وہ لوگ بھی بڑے اچھے ہوتے ہے کیونکہ میں نے تاریخ میں دیکھا ہے علامہ رشید رضا تھے اعتراضات کیے اعتراضات کیے ایک وقت آیا کہ وہ پلٹ گئے اور جب وہ پلٹ گئے تو المنار ایک ایسی میگزین نکالی، جس کے اندر انہوں نے حدیث کے دفاع میں کافی کام کیا ہے یہاں تک کہ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ آج میں محدث بنا ہوں تو علامہ رشید رضا رحمۃ اللہ علیہ کے مقالے پڑھ پڑھ کر محدث بنا ہوں تو دیکھا آپ نے بعض منکرین حدیث پر اعتراضات کرتے ہیں تو مجھے ان پر ترس آتا ہے کہ اگر یہ لوگ بدل جائیں گے تو ان شاء اللہ اگرچہ کہ ان کا عمل نفرت والا ہے، غلط چیز ہے لیکن ان کی عقل اچھی ہوتی ہے اگر ان کو صحیح تعلیم دی جاے اور سدھار دیا جاے تو یہ لوگ تبدیل ہو کر حدیث کی خدمت کرنے والے بہترین ثابت ہو سکتے ہیں لیکن یہ لوگوں کی باتوں میں آکر، شہرت کی خاطر یا ان کو کل جدید لذیذ نئے نئے چیزیں بولنے کا شوق پڑھ جاتا ہے اور واہ واہ گری مل جاتی ہے یا فتنہ گر لوگ ان کو کافی پروموٹ کرتے ہیں اور وقتی طور پر بھٹک جاتے ہیں لیکن جب ان کی یہی عقل ان کا صحیح استعمال کیا جائے تو حدیث کے دفاع کے لئے استعمال میں آسکتی ہے، لہذا منکرین حدیث کو بھی حکمت سے سمجھایا جائے تو ان شاء اللہ حدیث کی حفاظت کا ایک بڑا کام ہو گا، تبدیل ہو کر انکارِ حدیث سے توبہ کرنے والے اور طلباء علم حدیث دونوں مل کر کام کریں گے تو علم حدیث کا کام آگے بڑھے گا ان شاء اللہ، یہ میری امید اور تمنا اور دعا ہے ان شاء اللہ۔

مثال کے طور پر اذان کے بعد کی دعاء میں ایک روایت میں ثقہ راوی انک لاتخلف المیعاد کہہ رہا ہے اور ایک روایت میں اوثق راوی انک لاتخلف المیعاد بیان نہیں کررہا ہے تو کہتے ہے کہ یہاں پر چونکہ اوثق (زیادہ پاورفل) راوی انک لاتخلف المیعاد نہیں کہہ رہا ہے اور اس سے کم درجہ کا ثقہ راوی، انک لاتخلف المیعاد کہہ رہا ہے تو محدثین کہتے ہیں کہ یہ ضعیف ہے اور شاذ ہے،

اگر کوئی یہ دیکھے کہ انک لاتخلف المیعاد کا راوی ثقہ ہے تو ایک آدمی کہے گا زیادۃ الثقۃ مقبولۃ، ثقہ نے زیادہ کیا ہے لہذا مقبول ہونا چاہئے لیکن ایسا نہیں ہے کیونکہ، پورا مکمل اصول یہ ہے زیادۃ الثقۃ مقبولۃ مالم تخالف الاوثق منہ، یہ ہے مکمل اصول جو ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا بلکہ شیخ البانی رحمۃ اللہ رد کرتے ہیں ان لوگوں پر جو کہتے ہے کہ زیادۃ الثقۃ مقبولۃ ثقہ نے زیادہ کیا ہے تو مقبول ہے، حقیقت میں ایسا نہیں ہے بلکہ کب مقبول ہے؟ اس پر بھی غور کرنا ضروری ہے!! قبول کرنے کے لئے ایک شرط ہے کہ **مالم تخالف الاوثق منہ** یعنی ثقہ اس سے بھی زیادہ اوثق سے نہ ٹکرائے تو تب جاکر مقبول ہوجائے گی ورنہ اوثق کی بات لیں گے اور ثقہ کی بات چھوڑ دی جائے گی اس لئے اذان کے بعد کی جو دعا ہے انک لاتخلف المیعاد نہیں پڑھیں گے، تو دیکھا آپ نے اصل کے جاننے سے کتنا فرق ہوجاتا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ حدیث پر صحیح کا حکم لگانے کے لئے پانچ نکات کا خیال رکھنا چاہیے اس میں سے تین چیزیں ہونی چاہیے (1-اتصال السند 2-العدل 3- تام الضبط) اور دو چیزیں نہیں ہونی چاہیے (4- معلل، 5-شاذ)

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

شرح تعریف الحدیث الصحیح :

صحیح کی تعریف ؟اور صحیح کی تعریف سے کیا کیا اقسام خارج ہو جاتے ہیں؟

1) **سند متصل ہو:** تو اس کا مطلب ہے کہ اس قید سے منقطع، مرسل، معضل اور مدلس نکل گئی۔

2) عدل ہو: تو اس کا مطلب ہے کہ اس قید سے جھوٹا نکل گیا، کذاب نکل گیا ہے، فاسق یہ سارے نکل گئے متہم بالکذب نکل گئے۔

3) **تام الضبط ہو:** تو اس کا مطلب ہے کہ اس قید سے خفیف الضبط، شدید الغفلہ اور اسی طریقہ سے سیئ الحفظ بہت زیادہ ضعیف جس کے اچھا ہونے کا چانس نہیں ہے، بہت ہی فاحش الغلط، پرلے درجے کی غلطیاں کرنے والا یہ سب نکل گئے اور اسی طریقہ سے

4) **معلل نہ ہو اور 5 شاذ نہ ہو**

صحیح آپ نے سمجھ لیا ہے تو حسن سمجھنا آسان ہے ان شاء اللہ

نوٹ: ابن حجر رحمہ اللہ نے فرمایا کہ صحیح درجہ کا راوی وہ ہوتا ہے جو حدیث سنتے وقت غافل نہیں رہتا اور دوسروں کو پہنچاتے وقت اسکو دقت نہ ہو استحضار میں (دماغ سے یاد کی ہوئی بات حاضر کرنے میں)، اور اسکو استحضار میں بڑی آسانی ہوتی ہو اور اسے آسانی سے سناتا ہو لیکن حسن درجہ کے راوی کا مرتبہ صحیح کے راوی سے کم ہوتا ہے ضبط (حفظ[5]) میں۔

---

[5] حفظ وضبط کی دو قسمیں ہیں

1 ضبط کتاب

2 ضبط صدر

اس پر تفصیلات پہلے لیول میں گذر گئی اور مستقبل میں پھر اعادہ ہو گا ان شاء اللہ

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

خلاصہ عربی عبارات کی شکل میں

1- الصحيح : (تيسير مصطلح الحديث الشيخ محمود الطحان)

(1) تعريفه

A. لغة :الصحيح: ضد السقيم. وهو حقيقة في الأجسام، مجاز في الحديث، وسائر المعاني[6].

B. اصطلاحا :ما اتصل سنده بنقل العدل الضابط، عن مثله إلى منتهاه، من غير شذوذ، ولا علة.

(2) مثاله

ما أخرجه البخاري في صحيحه، قال" :حدثنا عبد الله بن يوسف، قال :أخبرنا مالك، عن ابن شهاب، عن محمد بن جبير بن مطعم، عن أبيه، قال :سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم قرأ في المغرب بالطور."

فهذا الحديث صحيح؛

(3) حُكْمُهُ

وحكمه :وجوب العمل به بإجماع أهل الحديث، ومن يعتدُّ به من الأصوليين والفقهاء. فهو حجة من حجج الشرع. لا يسع المسلم ترك العمل به[7].

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

6 لغت میں لفظ صحیح یہ "سقیم" کی ضد میں استعمال کیا جاتا ہے(سقیم کا معنی ہے بیمار)لفظِ صحیح (یہ لغوی معنی یعنی صحت مند)"اجسام"میں حقیق معنی میں ہے جب کہ "حدیث"میں حقیقی معنی میں نہیں۔

7 صحیح حدیث کا حکم: معتبر اصولین، فقہاء اور محدثین کے نزدیک یہ اجماع ہے کہ "صحیح "حدیث پر عمل کرنا واجب ہے اور" صحیح حدیث "شرعی حجت دلیل میں شمار ہے اور کسی مسلمان کے لیے بھی اس پر عمل ترک کرنے کی چھوٹ نہیں۔

LESSON No.2

نوٹ : صحیح لذاتہ کے بعد صحیح لغیرہ کا مقام و مرتبہ ہے، لیکن صحیح لغیرہ کو بہتر سمجھنے کے لئے پہلے حسن لذاتہ سمجھنا ضروری، حسن لذاتہ سمجھنے کے بعد صحیح لغیرہ سمجھنا آسان ہے، ان شاء اللہ۔

2- الصحیح لغیرہ

3- حسن لذاتہ

(**نوٹ**: حسن لذاتہ میں خفیف الضبط اور صدوق کی اصطلاح سمجھنے پر ترکیز فرمائیے)

الحسن لذاته : (تيسير مصطلح الحديث الشيخ محمود الطحان)

1- تعريفه المختار :ويمكن أن يعرف الحسن بناء على ما عرفه به ابن حجر بما يلي: "هو ما اتصل سنده بنقل العدل الذي خف ضبطه، عن مثله إلى منتهاه، من غير شذوذ ولا علة[8]."

2 حُكْمُهُ:

هو كالصحيح في الاحتجاج به، وإن كان دونه في القوة، ولذلك احتج به جميع الفقهاء، وعملوا به، وعلى الاحتجاج به معظم المحدثين والأصوليين،[9]

3- مثاله:

ما أخرجه الترمذي قال" :حدثنا قتيبة، حدثنا جعفر بن سليمان الضبعي، عن أبي عمران الجوني، عن أبي بكر بن أبي موسى الأشعري قال :سمعت أبي بحضرة العدو يقول: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم" :إن أبواب الجنة تحت ظلال السيوف " ... الحديث٢.

فهذا الحديث قال عنه الترمذي" :هذا حديث حسن غريب."

---

8 اس کا معنی شرح میں ملاحظہ فرمائیے۔

9 حسن لذاتہ، حجت میں صحیح کی طرح ہے اگر چہ قوت میں صحیح سے کم ہے۔ اسی لیے تمام فقہاء نے حسن لذاتہ کو دلیل بنایا ہے اور اس پر عمل کیا ہے محدثین اور علماءِ اصول کی ایک بہت بڑی تعداد نے اس کو دلیل اور حجت بنایا ہے۔

قلت :وكان هذا الحديث حسنا؛ لأن رجال إسناده الأربعة ثقات إلا جعفر بن سليمان الضبعي فإنه حسن الحديث لذلك نزل الحديث عن مرتبة الصحيح إلى مرتبة الحسن

حسن کی تعریف کا خلاصہ یہ ہے کہ

1) متصل ہو

2) عدل ہو

3) (خفیف الضبط)ضبط میں کمی ہو

4) معلل نہ ہو اور 5

5) شاذ نہ ہو

خفیف الضبط :میموری پاور میں تھوڑی سی کمزوری آجاتی ہے،وہ کیسے ؟

مثال میں نے حدیث سنائی اور آپ نے سیکھ لیا،اب نیند سے اٹھا کر رات یا دن میں کہوں یا دس سال کے بعد بھی بلا کر کہوں کہ اچھا اس وقت پر میں نے آپ کو کیا سکھایا تھا ؟تو آپ نے آسانی سے مذکورہ چیز سنا دی یعنی بغیر کسی ایک رکلیکشن کے تو یہ ہے صحیح درجہ کا راوی اور ایک طریقہ ہے سنانے کیلئے تھوڑا وقفہ لیتا ہے اور سناتا ہے،اب راوی نے صحیح بولا یا نہیں ؟ صحیح تو بولا ہے لیکن بولنے میں وقت لیا،اس کو کہتے ہیں ری کلیکشن،استحضار کے لئے وقت لیا،ری کللکٹ کرنے کے لئے تھوڑا ساوقت لے لیا اور رک رک کر سناتا ہے،اس کو کہتے ہیں خلل واقع ہوا اس کو خفیف الضبط کہتے ہیں ،دیکھا جائے تو آج کے دور میں یہ عام بات ہے اور پورے خفیف الضبط ہیں، خلاصہ یہ ہے کہ تھوڑی سی خفت آئی ، ثقہ کے مقابلہ میں اسکے ضبط کے اندر اب یہ حسن درجہ کی ہوگئی۔اللہ اکبر

نوٹ:میں نے یہاں ایک مثال دیکر سمجھایا صحیح اور حسن درجہ کے راوی میں فرق کے لئے اور بھی کئی طریقے ہیں جس کے ذریعہ محدثین فرق کرتے ہیں صحیح اور حسن درجہ کے راوی میں،12 مراتب الرواۃ[10] کا مستقل درس آنے والا

---

[10] "تقريب التهذيب" الذي قرَّب فيه ابن حجر كتابه "تهذيب التهذيب" الذي هذَّب فيه ابن حجر كتاب الإمام الحافظ المزي "تهذيب الكمال" الذي هذَّب فيه وكمل كتاب الإمام

ہے تفصیل کے ساتھ، اس میں اور فرق واضح ہو گا ان شاء اللہ۔

ما اتصل سنده بنقل عدل خفيف الضبط یا خف ضبطه یعنی ضبط میں تھوڑی سے کمی آگئی ہو، راوی کے حافظہ و قوت ضبط کو جانچنے کے لئے اور صحیح درجہ کے راوی اور حسن درجہ کے راوی میں فرق کرنے کے لئے، محدثین کے پاس مختلف طریقے ہے۔

ابن قدامة "الكمال في معرفةِ أسماء الرجال", وفيما يلي سنوردُ كلام ابن حجر رحمه الله في كل رتبة بما نصه في "التقريب."

فأولها: الصحابة : فأصرح بذلك لشرفهم. (المصدر : ملتقى اهل الحديث)

الثانية : من أكد مدحه : إما : بأفعل : كأوثق الناس ، أو بتكرير الصفة لفظا: كثقة ثقة، أو معنى: كثقة حافظ.

الثالثة: من أفردَ بصفةٍ , كثقةٍ , أو متقنٍ , أو ثبتٍ , أو عدل.

الرابعة : من قصر عن درجة الثالثة قليلا ، وإليه الإشارة : بصدوق ، أو لا بأس به، أو ليس به بأس.

الخامسة : من قصر عن الرابعة قليلا ، وإليه الإشارة بصدوق سيء الحفظ ، أو صدوق يهم ، أو له أوهام ، أو يخطىء ، أو تغير بأخرة / ويلتحق بذلك من رمي بنوع من البدعة ، كالتشيع والقدر، والنصب ، والإرجاء، والتهجم ، مع بيان الداعية من غيره.

السادسة : من ليس له من الحديث إلا القليل ، ولم يثبت فيه ما يترك حديثه من أجله ، وإليه الإشارة بلفظ: مقبول ، حيث يتابع ، وإلا فلين الحديث.

السابعة : من روى عنه أكثر من واحد ولم يوثق ، وإليه الإشارة بلفظ : مستور ، أو مجهول الحال.

الثامنة : من لم يوجد فيه توثيق لمعتبر ، ووجد فيه إطلاق الضعف ، ولو لم يفسر ، وإليه الإشارة بلفظ : ضعيف.

التاسعة : من لم يرو عنه غير واحد ، ولم يوثق ، وإليه الإشارة بلفظ : مجهول.

العاشرة : من لم يوثق البتة ، وضعف مع ذلك بقادح ، وإليه الإشارة : بمتروك ، أو متروك الحديث ، أو واهي الحديث ، أو ساقط.

الحادية عشرة : من اتهم بالكذب.

الثانية عشرة : من أطلق عليه اسم الكذب ، والوضع. (ملتقى اهل الحديث)

صدوق او صدوق سیئ الحفظ، صدوق یھم میں ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے کیا فرق پیش کیا ہے؟[11]

صدوق جس میں حدیث سنانے میں وہم ہونا اور خطا ہونا یا زیادہ وہم کا شکار ہونا ایسے الفاظ اور ایسی کمزوریوں کی نسبت نہیں کی گئی ہو اور وہ حسن درجہ کا راوی ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ حسن درجہ کا راوی حدیث سنانے میں خطا کا شکار نہیں ہوتا لیکن صحیح درجہ کے راوی حسن درجہ کے راوی کے لئے، ابن حجر رحمہ اللہ نے صدوق کا لقب استعمال کیا ہے،

---

[11] هل يُحسِّن حديث الراوي الذي قال فيه الحافظ ابن حجر: صدوق يهم أو له أوهام ؟

الشيخ محمد ناصر الالباني

السائل : قول ابن حجر –رحمه الله تعالى– فيمن يقول فيه: صدوق ربما وهم، صدوق له أوهام، صدوق في هذه المرتبة هل يحسن حديثه على الإطلاق ؟

الشيخ : لا.

السائل : كيف ؟

الشيخ : هذا إذا وقفنا عند قول الحافظ فإنما يعني أن حديثه دون الحسن، ولكنه ليس شديد الضعف بل هو مما يُستشهد به، مَن قال فيه: صدوق فقط فهو الذي يكون حديثه حسنًا، أما إذا قال فيه: صدوق سيء الحفظ، أو صدوق ربما وهم، أو صدوق له أوهام، فهذا حديثه ينزل عن مرتبة الحسن لكنه يُرشَّح أن يكون حسنًا بمجيئه من طريق أخرى مثل الطريق هذه، أقول: إذا وقفنا عند قول الحافظ هذا، لأن قول الحافظ في كتابه * التقريب * مثل هذا القول أو غيره هو اجتهادٌ في الغالب يكون على صواب، لكن أحيانًا يجانبه الصواب، لأنه كما نقول دائمًا: إنسان يخطئ ويصيب، فمن وقف عند قول الحافظ في راوٍ ما إنه صدوق يهم فلا ينبغي أن يحسن حديثه فضلًا عن أن يصححه.

ولكن أحيانًا يختلف وجهة نظر الباحثين عن قول ابن حجر العسقلاني في راو ما بأنه صدوق يهم أو أنه مثلًا مستور أو مجهول أو ما شابه ذلك، يختلف الرأي، فقد يكون أحيانًا صدوق يهم كلمة: يهم الأرجح أن تُحذف، حينئذ يكون حديثه حسنًا، وقد يكون قوله أحيانًا في راوٍ ما إنه مستور، قد يكون الصواب أن يقال فيه صدوق وهكذا، إنما القصد أنَّ الحافظ ابن حجر إذا قال في راوٍ ما: " صدوق يهم " وكان هذا مطابقًا للقول الراجح عند الأئمة الآخرين فيكون حديثه دون الحسن ولكنه يقبل التقوية بمثله وقد يرتقي حديثه بمثله إلى مرتبة الحسن، وقد يرتقي إذا كثُرت أمثاله من الأسانيد إلى مرتبة الحديث الصحيح، وبهذا القدر كفاية، والحمد لله رب العالمين.

سے اسکے استحضار کی قوت کم رہتی ہے، جبکہ **صدوق سیئ الحفظ** (ایسا صدوق جس میں حدیث سنانے میں وہم ہونا اور خطائہونا یا زیادہ وہم کا شکار ہونا ایسی کمزوریاں ظاہر ہو جائے) کا مرتبہ حسن لذاتہ درجہ کے راوی سے کم ہو جاتا ہے اور حسن لغیرہ کے مرتبہ میں شمار ہو جاتا ہے۔

صحیح اور حسن کا فرق

صحیح اور حسن میں کیا فرق ہوتا ہے؟

جواب: حسن میں بھی یہ 5 اصول ہے کہ

1-سند متصل ہونی چاہیے اور

2-عدل ہونا چاہیے (اخلاق میں کوئی کمی بھی نہیں ہو اور جھوٹا ہونے کا سوال ہی نہیں اٹھتا، اخلاقی اعتبار سے کوئی بھی کمی نہیں ہے) لیکن

3-ضبط میں تھوڑی سی کمی ہوتی ہے، حسن کی تعریف خفیف الضبط ہے یعنی قوت حافظہ وضبط میں کمی اور کمی کا مطلب وہ کمی نہیں کہ بھول جانا اور غلط یاد کر لینا، باقی کے اصول اور شرطیں وہی ہیں جو صحیح کی تعریف میں ہے

4-معلل نہ ہو اور

5-شاذ نہ ہو

صحیح لغیرہ اور حسن میں کیا فرق ہے؟

نوٹ: صحیح کے بعد حسن لذاتہ (خف ضبط) کہا گیا تھا، تام الضبط کے مقابلہ میں تھوڑا خفیف درجہ واقع ہوا، میموری پاور میں راوی کا حافظہ تھوڑا کم ہوا تو درجہ گرا کر کہا گیا حسن لذاتہ، ایسے ہی جب کئی حسن لذاتہ درجہ کے اسانید جمع ہوں تو یہ پورے ملکر ہو جاتے ہیں صحیح لغیرہ اور رہا حسن لذاتہ اگر ایک سند ہو حسن کے درجہ میں تو حسن لذاتہ کہتے ہیں، کئی سندیں حسن لذاتہ کے لیول پر ہو تو اس کو صحیح لغیرہ کہتے ہیں بس اتنا ہی فرق ہے صحیح لغیرہ اور حسن لذاتہ میں۔

2.الصحیح لغیرہ :[12] (تيسير مصطلح الحديث الشيخ محمود الطحان)

١ - تعريفه:

هو الحسن لذاته إذا روي من طريق آخر مثله أو أقوى منه. وسمي صحيحا لغيره؛ لأن الصحة لم تأت من ذات السند الأول، وإنما جاءت من انضمام غيره له. ويمكن تصوير ذلك بمعادلة رياضية على الشكل التالي:

حسن لذاته + حسن لذاته= صحيح لغيره

٢ - مرتبته:

هو أعلى مرتبة من الحسن لذاته، ودون الصحيح لذاته.[13]

٣ - مثاله:

حديث محمد بن عمرو، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: "لولا أن أشق على أمتي لأمرتهم بالسواك عند كل صلاة"

قال ابن الصلاح: "فمحمد بن عمرو بن علقمة من المشهورين بالصدق والصيانة، لكنه لم يكن من أهل الإتقان، حتى ضعفه بعضهم من جهة سوء حفظه، ووثقه بعضهم لصدقه وجلالته،فحديثه من هذه الجهة حسن، فلما انضم إلى ذلك كونه روي من أوجه أُخَرَ زال بذلك ما كنا نخشاه عليه من جهة سوء حفظه، وانجبر به ذلك النقص اليسير، فصح هذا الإسناد، والتحق بدرجة الصحيح".

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

12 حسن لذاتہ حدیث جس کو اسی جیسے یا اس سے بھی قوی کسی دوسرے طریق سے روایت کیا جائے اور اس حدیث کو " صحیح لغیرہ" کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اس حدیث کی صحت خود اس حدیث کی سند سے نہیں آتی بلکہ دوسری سند کے اس کے تائید کی وجہ سے ہے۔ ہم اس کو درجِ ذیل ریاضی حساب کے طریقہ سے سمجھ سکتے ہیں، حسن لذاتہ + حسن لذتہ = صحیح لغیرہ

13 " صحیح لغیرہ"کا مرتبہ "حسن لذاتہ "سے اوپر اور" صحیح لذاتہ "سے کم ہے مرتبہ میں۔

LESSON No.3

حسن لغیرہ کیا ہے؟[14]

الحسن لغيره:

١ -تعريفه:

[14] هل يُحسّن حديث الراوي الذي قال فيه الحافظ ابن حجر: صدوق يهم أو له أوهام ؟
الشيخ محمد ناصر الالباني
السائل : قول ابن حجر –رحمه الله تعالى– فيمن يقول فيه: صدوق ربما وهم، صدوق له أوهام، صدوق في هذه المرتبة هل يحسن حديثه على الإطلاق؟
الشيخ : لا.
السائل : كيف ؟
الشيخ : هذا إذا وقفنا عند قول الحافظ فإنما يعني أن حديثه دون الحسن، ولكنه ليس شديد الضعف بل هو مما يُستشهد به، مَن قال فيه: صدوق فقط فهو الذي يكون حديثه حسنًا، أما إذا قال فيه: صدوق سيء الحفظ، أو صدوق ربما وهم، أو صدوق له أوهام، فهذا حديثه ينزل عن مرتبة الحسن لكنه يُرشَّح أن يكون حسنًا بمجيئه من طريق أخرى مثل الطريق هذه، أقول: إذا وقفنا عند قول الحافظ هذا، لأن قول الحافظ في كتابه * التقريب * مثل هذا القول أو غيره هو اجتهادٌ في الغالب يكون على صواب، لكن أحيانًا يجانبه الصواب، لأنه كما نقول دائمًا: إنسان يخطئ ويصيب، فمن وقف عند قول الحافظ في راوٍ ما إنه صدوق يهم فلا ينبغي أن يحسن حديثه فضلًا عن أن يصححه.
ولكن أحيانًا يختلف وجهة نظر الباحثين عن قول ابن حجر العسقلاني في راو ما بأنه صدوق يهم أو أنه مثلًا مستور أو مجهول أو ما شابه ذلك، يختلف الرأي، فقد يكون أحيانًا صدوق يهم كلمة: يهم الأرجح أن تُحذف، حينئذ يكون حديثه حسنًا، وقد يكون قوله أحيانًا في راوٍ ما إنه مستور، قد يكون الصواب أن يقال فيه صدوق وهكذا، إنما القصد أنَّ الحافظ ابن حجر إذا قال في راوٍ ما: " صدوق يهم " وكان هذا مطابقًا للقول الراجح عند الأئمة الآخرين فيكون حديثه دون الحسن ولكنه يقبل التقوية بمثله وقد يرتقي حديثه بمثله إلى مرتبة الحسن، وقد يرتقي إذا كثُرت أمثاله من الأسانيد إلى مرتبة الحديث الصحيح، وبهذا القدر كفاية، والحمد لله رب العالمين.

هو الضعيف إذا تعددت طرقه، ولم يكن سبب ضعفه فسق الراوي أو كذبه[15].

يستفاد من هذا التعريف أن الضعيف يرتقي إلى درجة الحسن لغيره بأمرين، هما:

أ–أن يروى من طريق آخر فأكثر، على أن يكون الطريق الآخر مثله أو أقوى منه.

ب– أن يكون سبب ضعف الحديث إما سوء حفظ راويه، وإما انقطاعا في سنده، أو جهالة في رجاله.

٢ -سبب تسميته بذلك[16]:

وسبب تسميته بذلك أن الحسن لم يأت من ذات السند الأول، وإنما أتى من انضمام غيره له.

ويمكن تصوير ارتقاء الحديث الضعيف إلى مرتبة "الحسن لغيره "بمعادلة رياضية على النحو التالي:

ضعيف + ضعيف= حسن لغيره

٣ -مرتبته[17]:

---

15 ضعیف(منجبر)حدیث جس کے طرق متعدد ہوں،جب کہ اس کی اسناد کا ضعف،راوی کا فسق یا کذب کے سبب نہ ہو اس تعریف سے یہ فائدہ حاصل ہوتا ہے کہ "ضعیف (منجبر)" دو اسباب کی وجہ سے "حسن" کے درجے تک پہنچ جاتی ہے

1) ایک یہ کہ وہ ضعیف حدیث ایک یا اس سے زیادہ طرق سے بھی مروی ہو بشر طیکہ وہ دوسرا طریق یا تو اسی پہلے طریق جیسا ہو یا اس سے قوی ہو۔

2) دوسری یہ کہ حدیث کے ضعف کا سبب 1 راوی کے حافظہ کی خرابی ہو، 2 یا اسناد میں انقطاع۔ 3 یا کسی راوی کا مجہول ہونا۔

16 "حسن لغیرہ" کی وجہ تسمیّہ: اس حدیث کا یہ نام رکھے جانے کی وجہ یہ ہے کہ یہ "حسن" حدیث اپنی سند کی وجہ سے حسن نہیں بنی بلکہ اپنے تائید میں ایک دوسری سند کے مل جانے سے "حسن" بنی ہے۔

ہم اس کو درج ذیل ریاضی حساب کے طریقہ سے سمجھ سکتے ہیں:

ضعیف(منجبر)+ضعیف(منجبر)=حسن لغیرہ۔

17 حسن لغیرہ" درجہ میں "حسن لذاتہ" سے کم ہوتی ہے۔"حسن لغیرہ" کے حکم جاننے کا یہ فائدہ ہے کہ ہے کہ اگر

الحسن لغيره أدنى مرتبة من الحسن لذاته.

"وينبني على ذلك أنه لو تعارض الحسن لذاته مع الحسن لغيره قدم الحسن لذاته.

٤ - حُكْمه:

هو من المقبول الذي يحتج به.

٥ - مثاله:

"ما رواه الترمذي وحسنه، من طريق شعبة، عن عاصم بن عبيد الله، عن عبد الله بن عامر بن ربيعة، عن أبيه، أن امرأة من بني فزارة تزوجت على نعلين، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم" :أرضيت من نفسك ومالك بنعلين؟ "قالت: نعم، قال :فأجاز."

قال الترمذي" :وفي الباب عن عمر، وأبي هريرة، وسهل بن سعد، وأبي سعيد، وأنس، وعائشة، وجابر، وأبي حدرد الأسلمي."

قلت :فعاصم ضعيف لسوء حفظه، وقد حسن له الترمذي هذا الحديث لمجيئه من غير وجه

الشرح

حسن لغیرہ مرتبہ کا راوی؟، صدوق سیئ الحفظ؟

صدوق سیئ الحفظ، وہ راوی جو استحضار کے لئے بہت وقت لیتا ہے اس کو کہتے صدوق سئیی الحفظ ہے، یاد کر لیتا ہے لیکن بہت زیادہ وقت لیتاہے استحضار کے لئے اور ساتھ میں وہم (غلطی) کا اور بہت اَخطاء کا شکار بھی ہوتا ہے، اس وجہ سے 1 ثقہ، 2صدوق اور تیسری قسم (کیٹیگری) پیش آگئی یعنی 3 صدوق سیئ الحفظ (ایسا صدوق جس میں حدیث سنانے میں وہم ہونا اور خطأ ہونا یا زیادہ وہم کا شکار ہونا ایسي کمزوریاں ظاہر ہو جائے) کی موافقت اور مدد کے لئے اگر کوئی اسی طرح کا راوی مل جاتا ہے تو اس کو کہتے ہیں حسن لغیرہ یعنی خود سے وہ حسن درجہ کی روایت ثابت نہ ہوئی، بلکہ کسی اور کی مدد سے حسن ہو گئی (اذا تعددت طرقہ)[18]

"حسن لذاتہ" کا "حسن لغیرہ" کے ساتھ ٹکراؤ ہو جائے تو "حسن لذاتہ" مقدم ہو گی۔

[18] مجهول الحال اورمستور ہے، بہت سارے ایسے راوی جمع ہو گئے جن کے بارے میں یہ پتہ چلے کہ وہ مجہول الحال ہے, اسی طرح بہت سارے مستور ہیں لیکن متن ایک جیسا آرہا ہے اب ظاہر بات ہے اتنے مستور جب جمع ہو

صدوق سیئ الحفظ کی قبولیت کے لئے محدثین کیا شرط لگاتے ہیں؟

جواب ہے کہ محدثین کہتے ہیں کہ ضعیف منجبر ہونا چاہئے، اگر اسکی تائید میں اسی طرح کا راوی آجائے تو اس وقت قبول کیا جائے گا ورنہ اس وقت تک اس کو قبولیت کے درجہ سے روک دیا جائے گا اور اگر دوسرا راوی آگیا تائید میں تو اس سند کو کہتے ہیں حسن لغیرہ ہے-[19]

جائیں اور یہ سب ایک جیسا متن پیش کر رہے ہیں تو فیصلہ یہ لیا جاتا ہے کہ اس کی کچھ نہ کچھ اصل تو ہو گی(مستور اذاتعددت طرقه)

